Music By Hemant Kumar

87

اے۔ وی۔ ایم کا تیار کردہ

मिस मेरी

Fair

مس میری

مینا کماری کشور کمار

گنیش۔ اوم پرکاش۔

جمنا وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

مس میری کے

گانا نمبر ۱

میری:۔ سکھی ری سن بولے پپیہا اس پار
نینا:۔ سکھی ری سن.........
بولت ایسی بولی میٹھی چھیڑے من کے تار سکھی....
میری:۔ پی پی کی جب تان سنائے برہن من گھبرائے
نینا:۔ پی پی کی جب.......
بھولی بتیا یاد دلائے پایل بارم بار۔ سکھی ری....
میری:۔ او بیری ایسی دھن میں بولے سن سن منوا ڈولے
نینا:۔ او بیری.......
کانوں میں امرت رس گھولے رہ رہ کر مدھر پکار۔ سکھی ری....

گانا نمبر ۲:۔ پہلے پیسہ پھر بھگوان۔ بابو دیتے جانا دان دا
اٹھنی یا چونی بابو آنہ دو آنہ
مٹکے سورگ کا بیچ رہا ہے اندھی آنکھوں والا
تھوڑی سی ہیں سب کی بانی خبدی کرنا لالہ
ارے تو دو دن کا مہمان اپنی منزل کو پہچان۔ دیتے جانا....
جنم جنم کا پاپ دان کے صابن سے دھل جائے
یہاں جو دیوے ایک لنگوٹی وہاں پہ لبتر پائے
ارے کیا سوچ رہا نادان
یہ سودا کتنا ہے آسان۔ دیتے جانا اٹھنی...

د واہ رے میرے بھولے مالک تیری نیاری لیلا
تو بھی درشن اس کو دیوے کرے جو کھیل ڈھیلا
مَیں ہوں مالک کا دربان
کمر توڑ مکتی کا سامان ۔ دینے جانا اُٹھی ...
گانا نمبر ۵ سیاں لگ جا گلے آ جا میرے دِل جلے
چپ کیسے رہوں مَیں میرا بس نہ چلے
کیسا یہ جادو کیا لاگے کہیں نہ جیا
انکھیوں ہی انکھیوں میں ہائے ۔ مجھے لوٹ لیا ...
چوری چوری آجا ذرا کھڑکی تلے ۔ چپ کیسے ...
دِل تو ہوا ہے تیرا تو بھی تو ہو جا میرا
شام سویرے کبھی میری گلی ڈال پھیرا
تجھ بن پیا میری جان جلے ۔ چپ کیسے ...
گانا نمبر ۶ یہ مرد بڑے دِل سرد بڑے بیدرد نہ دھوکا کھانا
میٹھی میٹھی بتیوں میں بھول کے نہ آنا
جتنے ہیں چھوٹے دِل کے لمبی زبان والے
دیتے ہیں مال کھوٹا اونچی دوکان والے
چھوٹا منہ اور بات بڑی یہ ہے دستور پرانا ۔ میٹھی ..
یہ مرد بڑے ...
بات پتے کی ہے یہ مانو میرا کہنا
اچھا ہی آگ سے تو دور ہی دور رہنا
جھوٹی ان کی ذات بڑی یہ ہے دستور پرانا ۔ میٹھی ..

یہ مرد بڑے . . .

گانا نمبر۵ یہ مرد بڑے دِل سرد بڑے بیدرد چلو جی نانا

مردوں کا پھر بھی غلام ہے زمانہ

دُنیا کے ساتھ چلو نیا زمانہ ہے یہ

مردوں کو دوش دینا راگ پرانا ہے یہ

جھوٹی ان کی ذات بڑی یا کہیں انہیں دیوانہ

مردوں کا پھر بھی غلام ہے زمانہ — یہ مرد . . .

غصہ غرور کرنا ناری کی بھول ہے یہ

ٹھنڈا مزاج رکھنا پہلا اصول ہے یہ

بات ہے کی کہنا سیّوں میں چاہے کہو دیوانہ

مردوں کا پھر بھی غلام ہے زمانہ — یہ مرد . . .

گانا نمبر۶:- گانا نہ آیا بجانا نہ آیا

دلبر کو اپنا بنانا نہ آیا

کہیں غم بدھی ہے، کہیں باگیشوری کی بہن

کہیں جھنجھوٹی کی نانی ہے

یہ چھ سات سُروں کا ہم سے باپ رے اُٹھا بھی تو کیوں اُٹھا

ہمیں ایک سُر بھی ہلانا نہ آیا — دلبر کو اپنا . . .

گانا نہ آیا . . .

ٹک ٹک بڑھی آگ کی چل میرا لے ٹم ٹم ٹم

گلے کو گرم کرلے تو پڑا انگریزی میں ایک آئیٹم

ٹیٹ ڈا — پاپ پا — ٹمٹ ڈا

ٹٹ ڈا - پاپ پا - ٹٹ ڈا
اوہاں سیتیا - ہلو ہیتیا - ایک ہی تو گیتا
سنے - موہے گورے گنے دیئے پورے
کانچ کہیں جا سکتا لندن
سیکھ کے آنا وہاں سے واشن
تیری بلا سنگ ماش - سکا ہاؤ دے رن
افسوس افسوس افسوس افسوس لیکن جان من
کانٹوں چھری سے کھانا نہ آیا - دلبر کو اپنا کھانا نہ آیا...
ارے پھر نہیں آیا وہ نہیں آیا - کھانا نہ آیا
گانا لکھنؤ : - برندابن کا کرشن کنھیا سب کی آنکھوں کا تارا
ستیا: - برندابن کا .....
من ہی من کیوں جلے رادھیکا
موہن تو ہے سب کا پیارا
دونوں: - برندابن کا .....
جمنا تٹ برندکا بالا - جب جب راس رچائے رے
تن من ڈولے گانا ایسی - بنسی مدھر بجائے رے
سدھ بدھ کھوئے کھڑی گوپیاں - جانے کیسا جادو ڈالا
دونوں: - برندابن کی .....
رنگ سلونا ایسا جیسے چھائی گھٹا ہو ساون کی
اے ری میں تو ہوئی دیوانی منموہن من بھاون کی
تیرے کارن دیکھ باورے چھوڑ دیا میں نے جگ سارا

دونوں:۔ برندابن.....

گانا بعدہ: اُمنا: او رات کے مسافر چندا ذرا بتا دے

میرا قصور کیا ہے تو فیصلہ سنا دے

یہ بھول کوئی دل کی آنکھوں کی یا خطا ہے

کچھ بھی نہیں تو مجھ سے پھر کیوں کوئی خفا ہے

منظور ہے وہ مجھکو جو مجھے بھی تو سزا دے ۔ میرا قصور..

ہیری:۔ او رات کے مسافر.....

میرا قصور کیا ہے.....

دلبر کسی کو اپنے قابو نہیں رہا ہے

یہ راز میرے دل سے آنکھوں نے ہی کہا ہے

آنکھوں نے جو ہے دیکھا دل کس طرح بھلا دے ۔ میرا قصور..

ارُن:۔ او چاند آسماں کے دم بھر زمیں پہ آجا

ہیری:۔ بھولا ہوا ہے راہی تو راستہ دکھا جا

ارُن:۔ بھٹکی ہوئی ہے نیا ساحل اسے دکھا دے

میرا قصور کیا ہے..... او رات کے مسافر..

میرا قصور کیا ہے.....

گانا بعدہ:۔ آئی رے دھیرے دھیرے

پہلی پہلی بدریا

آج سکھی چھنکی چھنکی

کیوں ہے نظریا

منگل منا ڈری دیپ جلا ڈری

گوری کو عندن کا ٹیکا لگا دو جی
سج دھج کے ڈولی میں بیٹھ سہاگن
چھپ چھپ کے آنگن میں دیکھے ساوریا
آئی رے دھیرے دھیرے...

جن جن کے کلیاں بنا دو ری پلنا
آنے ہی والا ہے چھوٹا سا للنا
بن ٹھن کے گوری کی گود بھرا دو ری
آئی رے دھیرے دھیرے..

لتا —

گانا نمبر

سو گیا سارا زمانہ نیند کیوں آتی نہیں
اے ہوا جا کر کہیں سے تو ذرا تمھے کیوں لاتی نہیں
چاند پہلے بھی نکلتا تھا مگر ایسا نہ تھا
آج ایسی بات کیوں ہے یہ سمجھ آتی نہیں
چاندنی مجھ سے چاند نے کہہ کر زمیں پر آگئی
جانے کیا دیکھا یہاں
اب لوٹ کر جاتی نہیں
سو گیا سارا زمانہ
نیند کیوں آتی نہیں

ختم شد

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کردیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۔/1/3 محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن اپیل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا

قیمت صرف ۔/1/3 محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانہ مردانہ تقریباً ۲۰۰ ڈیزائین فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں جسے دیکھکر گاہک من مانا پسند کرسکتا ہے۔ ہر درزی کا ماہر کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔ قیمت ۔/4/2 محصولڈاک معاف

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)